https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

رہے۔ پاک صاف لباس زیب تن کرکے جب وقت رفع حاجت کے لئے جاوے یا ناپاک ہو۔ اس وقت اس تختی کو اپنے پاس نہ رکھے۔ بلکہ اس کو ناپاک ہاتھ بھی نہ لگا دے۔

لوح اسم اعظم تیار کرنے کا طریقہ

جب سورج برج ثور میں یعنی برکھ راسی کا ہو۔ دوسرے لفظوں میں جب کہ ہندی کا جیٹھ مہینہ ہو اور زہرہ یعنی شکر ستارہ برج جوزا یعنی مین راسی میں پڑا ہوا ہو۔ اور چاند اور شکر کا آپس میں ملاپ ہو یعنی زہرہ اور قمر کا اتصال ہوا ہو ایسے وقت میں عامل کو چاہیئے کہ ۶ ماشہ سونا اور ۶ ماشہ تانبا لے کر اس کو زرگروں والی کٹھیالی میں ڈال کر نوشادر اور سوہاگہ ڈال کر آگ میں رکھ دیوے آگ کو خوب روشن کرے جب دونوں چیزیں اچھی طرح سے گل جاویں تو گل کو اتار کر ٹھنڈا کر کے ایک چار کونی مربع تصور باندھ صاف ستھرے لباس سے خدا کا نام لے کر ذیل کا

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

نقش اس تختی پر کندہ کرے۔ مگر یہ خیال رہے۔ کہ نقش زہرہ
شکر کے سفر کے درمیان میں ختم ہوتے چاہئیں اتنے عرصہ
میں نقش ختم نہ ہو سکیں اور زہرہ کا دورہ ختم کر دیوے
عامل کو چاہیئے۔ کہ اپنے کام کو اسی جگہ پر ختم کر دیوے پھر
جب زہرہ کا سفر اسی برج یعنے راسی پر آوے تو پھر باقی
نقوش پورا کرنا چاہئے اس بات کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے۔ کہ نقوش کے حروف بالکل صاف کندہ ہوتے چاہئیں۔
نقش یہ ہے:-

یا اللہ ۷۸۶ یا [illegible]

[illegible]	ے	C	۴	و
[illegible]	ح	و	و	ے
[illegible]	ح	ے	P	ح
[illegible]	P	ح	و	۹
[illegible]	۱	۹	P	R

یہ نقش تختی کے اوپر کے حصے یعنی ایک طرف کندہ کریں تختی کے دوسرے جانب یعنی نیچے کا نقش

لعہ	صمہ	عہ	صمہ	عہ
عہ	صمہ	عہ	لعہ	لعہ
	لہ	لعہ	عہ	صمہ
ہعہ	عہ	صمہ	عہ	لہ
صمہ	عہ	لعہ	[illegible]	[illegible]

حبیب رضا
FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

(نوٹ) عامل کو چاہیئے کہ جس وقت یہ نقوش کندہ کرتے
لگے پھر اس تختی کو عنبر کی دھونی دیلوے۔ گوگل جلا دے پھر نقش
لکھ چکنے کے بعد اس کو خوشبو وغیرہ لگا کر کسی سفید رنگ
کے کورے اور پاک صاف کپڑے کی تھیلی بنا کر اس میں
حفاظت کے ساتھ رکھیں انشاء اللہ ہر کام میں کامیابی
حاصل ہوگی جہاں جاؤ گے۔ لوگ دیکھتے ہی عزت کریں گے۔

طلسم سلیمانی

ناظرین! اس نقش کی خوبی کیا بیان کریں۔ اس نقش میں
ر فوائد بھرے پڑے ہیں۔ جن کا بیان کرنا ہماری قلم کی
طاقت سے باہر ہے وہ نقش یہ ہے جو کہ سائل یا عامل
جس کے پاس بھی ہو اسے ہر خدائی برکت سے مالا مال کر
ہے کسی قسم کی کمی اسے نہیں رہتی عزت و حرمت میں
دون ترقی ہوتی ہے۔ ولی اولیا کا درجہ حاصل کر اسے
... ایک ... جس شخص کے پاس یہ طلسم ہوگا۔ تمام
... گی کیا ادنیٰ کیا اعلیٰ سب تابعدار [illegible]

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

اس کے قدموں پر نثار ہوں گے جس چیز یا انسان بلکہ حیوان
چرند و پرند کی طرف نگاہ بھر کر ایک بار دیکھے گا وہی اس کا
زمان و مطیع ہو گا دنیا کی کوئی چیز با برکت جس کو ہندی میں
رو ہی سدہی کہتے ہیں ایسی نہیں ہو گی جو کہ اسے حاصل
ہو گی جس جگہ پر وہ جا کر کھڑا ہو جاوے گا زہریلے جانور
سانپ اژدہا ۔ بچھو اور جنگل کے خوفناک اور خونخوار
درندے بھی وہاں سے اس کے خوف کے مارے جاویں گے
اتنی طاقت صرف اس سلیمانی نقش کے اندر موجود ہے
ہم اس نقش کے تیار کرنے کا طریقہ ناظرین کی خدمت
میں پیش کرتے ہیں ۔

طریقہ تیاری نقش

جب شمس برج حمل میں داخل ہو یعنی جب ہندی کا ما
بیساکھ ابھی آغاز پر ہو ۔ اس وقت عامل کو چاہیئے کہ خالص
سونا بوزن ۲۸ رتی یا اسی حساب سے جتنا رکھنا چاہے ۔ تیار
کرا لے ۔ اس سے کچھ کم ۲۸ رتی کا بھی کر سکتا ہے لیکن ایک
مندری جو کہ چوکور شکل کی نگینہ والی ہو تیار کروائے اور جب

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

جس اپنے پورے جیون پر اسی جھیتے میں ہو۔ لیکن جیسا کہ آدھا
گزرا ہو۔ تو اس وقت کوئی اچھی سی ساعت دیکھ کر نہا
کر صاف ستھرا لباس
تن کرکے اپنے لباس اور
کو معطر کرکے نقش کندہ

۶۸۸

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

نقش بڑا مقدس ہے اس کو حل المشکلات یا مسبب الاسباب
دولت میں رکھے تو انشاء اللہ ہر قسم کی دولت سے مالا مال
نقش اوپر لکھا ہے۔

حبیب رضا

طلسم فلکی

یہ طلسم بھی ایک لوح پر کندہ کیا جاتا ہے۔ جو کہ نہایت ہی
عجیب و غریب تاثیر رکھتا ہے۔ عامل لوگ اس لوح کو اپنی
کسی دھاگے میں باندھ کر اپنے گلے میں اس طرح
کہ لوح اس کے دل کے اوپر ہر وقت رہے تو وہ جس
دنیا میں عزت و مال پاوے۔ دشمن کو بھی دوست
ہر ایک اس کے حکم کو بجا لانا فخر سمجھے۔ بلکہ جنی ارواح

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

بھی اس کے حلقہ بگوش ہو کر غیبی حالات سے ہر وقت اطلاع کرتے
ہیں اور جنگل کے خوفناک درندے، چرند سب اس کے ساتھ
محبت کریں۔ بلکہ جہاں تک اس نقش میں خوبی ہے کہ اگر اس کو
ساتھ تیار کرنے والا اس کو پورے طریقہ کے ساتھ تیار کرے
کسی قسم کا نقص یا کمی اس میں واقع نہ ہو جاوے تو پھر
عامل جب چاہے ہزارہا آدمیوں کی مجلس میں بیٹھا ہوا اپنی
ہے لوگوں کی نظروں سے غائب بھی ہو جاوے جس کو دیکھ کر لوگ
حیران و ششدر رہ جاویں پھر جب چاہے ان کے روبرو ہو لوگ
اس کو پورا جادوگر تصور کرنے لگیں اور اس سے ڈریں کے بلکہ
زبردست سے زبردست آدمی بھی اس کے تابع فرمان ہو جاتے
لوح تیار کرنے کا طریقہ حسب ذیل ہے۔

جب شمس برج سرطان یعنی سورج کرک راسی کا ہو جس کو ہندی
میں ساون کا مہینہ کہتے ہیں اور چاند اپنے شرف پر ہو اور شرف
یعنی برہسپتی سے اس کا میل ہو ایسی ساعت میں عامل کو چاہیے
کہ چاندی کی ایک لوح تیار کروائے اور پھر پاک و صاف
صاف ستھرا لباس پہن کر اپنے بدن اور لباس کو معطر کرے
یعنی بانست کو زعفران مشک اور گل کی دھونی دیکر ذیل کا

حبیب رضا
FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

اسی ساعت میں کندہ کرلے نقش یہ ہے

ل	S	7	[illegible]
ص	ع	[illegible]	٤
٤	[illegible]	مر	صب
[illegible]	٤	مر	صب

جس وقت یہ نقش مکمل ہوجائے تو عامل کو چاہیئے کہ متواتر
۴۰ یوم تک مشتری یا برہسپتی کے سایہ میں حفاظت کے ساتھ
رکھے یہ ساعت بہت لمبی یعنی اڑھائی ماہ کی ہوتی ہے اس
لئے ۴۰ دن تک اس نقش کو مشتری کے سایہ میں حفاظت
سے رکھے اور ہر روز مذکورہ بالا اشیاء کی دھونی رات کے
وقت اس کو دیا کرو۔ جس وقت مشتری یعنی برہسپتی کا ستارہ
غروب ہوجائے یا اگلے برج چلا جاوے۔ تو اس نقش کو
سبز رنگ کے گورے کپڑے میں یا سرخ رنگ کے
ریشمی مگر پاک صاف کپڑے میں لپیٹ کر حفاظت سے
رکھے جب کسی کام کے لئے باہر جانا ہو تو اس کو اپنی پگڑی
میں رکھ کر یا داہنے بازو پر باندھ کر چلا جاوے یا اس نقش کو

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

گلاب کے عرق میں دھو کر پی لے تو ہر کام میں کامیابی حاصل کر کے آوے اگر یہ گلاب جس میں کہ وہ نقش دھویا گیا ہے کسی مریض کو پلا دیا جاوے تو وہ غیبی راز بیان کرنا شروع کر دیوے جو کوئی اس نقش کو پاس رکھے خدا کی برکت سے مستفید ہو اور مالا مال ہو کر دنیا میں عیش و عشرت کی زندگی بسر کرے۔

طلسم فرقان

عاملان طلسم کو اس نقش کی خاص کر بہت قدر کرنی چاہئے کیونکہ یہ نقش کلام اللہ کا ہے اور بڑا ہی عجیب تاثیر والا نقش ہے اس کی سب سے زیادہ خوبی یہ ہے کہ انسان کی ہر مصیبت جو کہ خواہ وہ دینی ہو خواہ دنیاوی ہو اس کے اثر سے فوراً دور ہو جاتی ہے۔ اگر اس نقش کو پانی میں یا عرق گلاب میں دھو کر کسی بیمار کو پلایا جاوے تو وہ بیمار بہت جلد تندرست ہو جاوے۔ اگر کوئی مفلس نادار اس کو اپنے پاس رکھے تو چند دنوں میں دولت سے مالا مال ہو جاوے اگر اس کے سر پر قرضہ وغیرہ ہو تو وہ بھی اس نقش

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

اثر سے سب اُتر جاوے ۔ اگر کسی سے مقدمہ بازی ہو ۔
تو اس میں بھی کامیابی حاصل کرے ۔ میدان جنگ میں
دشمن پر غالب رہے ۔ اگر کوئی اسیر ہو تو قید سے رہائی
پاوے اگر کسی کو اپنے مطیع اور تابع فرمان کرنا مقصود
ہو تو اس کو یہ نقش پانی میں یا عرق گلاب میں دھو
کردہ عرق اسے پلا دیوے خواہ کتنا ہی دشمن جان
کیوں نہ ہو زیر ہو کر قدموں پر گر پڑے ۔ القصہ یہ
نقش انسان کی ہر حاجت کو رفع کرتا اور ہر مصیبت
کو دور کرنے والا ہے ۔ اور مقدس و معتبر ہے ۔

عامل کو چاہیئے کہ اگر وہ اس نقش کو سادھ کرنا
یعنی پورا کرنا چاہتا ہے تو ہر جمعہ کے روز پانچ ہزار
مرتبہ کسی کاغذ پر لکھ کر ان کی گولیاں آٹے میں
باندھ کر کسی دریا میں یا تالاب میں ڈال دیوے
اور بعد میں کچھ خیرات وغیرہ بھوکے لوگوں میں
تقسیم کرے پھر اس نقش اعظم کی تاثیر دیکھے ۔

نقش مبارک اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

حبیب رضا
FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

یا محمدؐ ۷۸۶ یا اللہ

۹۰۴۲۲۱۱	۹۰۴۴۳۱۱	۹۰۴۲۲۱۱	۹۰۴۴۳۱۱
۹۰۴۴۳۱۱	۹۰۴۲۲۱۱	۹۰۴۴۳۱۱	۹۰۴۲۲۱۱
۹۰۴۲۲۱۱	۹۰۴۴۳۱۱	۹۰۴۲۲۱۱	۹۰۴۴۳۱۱
۹۰۴۴۳۱۱	۹۰۴۲۲۱۱	۹۰۴۴۳۱۱	۹۰۴۲۲۱۱

اس نقش کو لکھتے وقت عامل کو چاہئے کہ اچھی طرح سے
پاک صاف ہو کر صاف ستھرا لباس پہن کر لباس اور بدن کو
خوشبو سے معطر کر کے پانچ سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر لکھے
اور جس وقت نقش ختم کرے تو پھر پانچسو مرتبہ درود شریف
اور ایک سو آٹھ مرتبہ سورہ فاتحہ شریف پڑھے نقش میں اور
بھی عجیب و غریب تاثیر ہو جائے گی ۔

طلسمی نقش

عامل صاحبان! یہ طلسم دیکھئے اور آزمائیے۔ نہایت
ہی عجیب و غریب تاثیر کا مالک ہے اور سولہ قسم

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

کے کاموں میں علیحدہ علیحدہ طریقوں سے لکھا اور استعمال کیا جاتا ہے اور ہر کام میں حیرت انگیز مشاہدات دکھلاتا ہے یعنی اگر کسی کو بھوت، پریت کا سایہ ہو۔ یا جن پری کے جنگل میں پھنسا ہوا ہو تو اس طلسم کے اثر سے فوراً دور ہو جاوے نظر بد لگی ہو۔ دشمن کی تباہی و بربادی یا بیمار کرنے کے لئے استعمال کے لئے جس عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو یا ہو کر مر جاتی ہو یا لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور وہ لڑکے کی خواہشمند ہو تو اس نقش کے اثر سے بانجھ کے اولاد ہوگی لڑکیوں کی جگہ کی جگہ بڑا خوبصورت اور عقلمند لڑکا پیدا ہوگا جو کہ عمر دراز ہو۔ دشمن کی جان لینے کے لئے بغض و کینہ کے لئے تپ کے لئے تپ لرزہ کے لئے درد جگر کے واسطے۔ درد گردہ کے واسطے اگر کسی کے گھر میں رات کو یا دن کو آسمان سے اینٹیں برستی ہوں۔ جس سے گھر کے تمام افراد خوف زدہ رہتے ہوں۔ ان اینٹوں کو بند کرنے کے گھر والوں کا خوف دور کرنے کے لئے اور اگر کسی قسم کی بیماری کسی شخص کو ہو تو وہ اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ بہت جلد مرض سے مخلصی حاصل

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

کرے۔ طریقہ اس نقش کے لکھنے کا یہ ہے کہ کسی اچھی سی ساعت میں کیسر کے ساتھ سفید رنگ کے ریشمی پر اگر کپڑا نہ ملے تو کسی کورے کاغذ پر لکھ کر اُسے زعفران اور مشک کی دھونی دے اور اگر وہ نظر بد کے لئے لکھنا چاہتا ہے تو خانہ نمبر ۱ سے شروع کرے۔ اور پھر ترتیب وار لکھتا جاوے۔ اگر جن (پری) یا بھوت پریت کا سایہ دور کرنے کے لئے لکھنا ہو۔ تو خانہ نمبر ۲ سے شروع کرنا چاہیئے۔ اگر دشمن کی بربادی و تکلیف کے لئے لکھنا مطلوب ہو۔ تو خانہ نمبر ۳ سے اگر الفت و محبت کے لئے ہو تو خانہ نمبر ۴ سے شروع کرے مگر اس بات کا خیال رکھے کہ دشمن کے واسطے لکھے تو اس کا نام بمعہ اس کی ماں اور بمعہ مرض و تکلیف کے لکھے اور الفت و محبت کے واسطے اگر لکھے تو معہ طالب و مطلوب کے بمعہ ان کی ماں کے نام کے لکھے۔ اور اگر کسی درد زہ ہوتی ہو تو اس نقش کو خانہ نمبر ۵ سے شروع کرے اگر اسقاط حمل کے واسطے تحریر کرنا ہو تو خانہ نمبر ۶ سے شروع کرے اگر کسی بانجھ عورت کے واسطے اٹھرا کے واسطے تحریر

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

مقصود ہو۔ تو خانہ نمبر ۷ سے آغاز کرے اور اگر ہلاکی دشمن
واسطے لکھنا پڑے تو خانہ نمبر ۸ سے شروع کرے جب نقش
کر اور دشمن کا نام اوپر لکھ کر اس کے گھر کی طرف اس کا
دکر کے کریگا۔ تو اس کا دشمن گھوڑے سے گر کر ہلاک ہو
ے گا۔ اگر کسی سے بغض وکینہ یا انتقام لینا منظور ہو
س نقش کو خانہ نمبر ۹ سے لکھنا شروع کرے۔ تپ کے
سطے نمبر ۱۰ سے اور تپ لرزہ کے بمعہ مریض کا نام لکھنے
خانہ نمبر ۱۱ سے لکھے درد جگر کے واسطے خانہ نمبر ۱۲ سے
رزہ کے درد کے لئے خانہ نمبر ۱۳ سے اور پسلی کے درد
واسطے خانہ نمبر ۱۴ سے۔ اور اگر گھر میں اتفاقاً ہر روز
سمان سے بارش ہوتی ہو تو اس نقش کو خانہ نمبر ۱۵ سے
اگر کسی شخص کو کسی قسم کی مرض ہو تو اس کو تخلصی
نے کی غرض سے خانہ نمبر ۱۶ سے لکھنا شروع کرنا
بئے۔ نہایت ہی اکسیر و مفید مطلب نقش ہے۔ اگر
نقش کو استعمال کرنے سے پہلے پیر کے دن یا جمعہ
دن پندرہ مرتبہ لکھ کر سات پیر یا جمعہ آٹے
کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیوے اور ہر پیر یا

حبیب رضا
FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

جمعہ کو جس دن کہ نقش لکھے۔ بعد میں کچھ کوئی کو کھانا تقسیم
کرے تو اس نقش میں بے بہا تاثیر پیدا ہو۔ لوگ اس کے
اثر کو دیکھ کر حیران وششدر رہ جائیں گے۔ نہایت
ہی مفید اور کارآمد نقش ہے۔

یا کریم			یا رحیم
۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

حبیب رضا

عجیب وغریب نقش برائے اُلفت ومحبت

یہ نقش جو چند ایک یہاں درج کئے جاتے ہیں۔ یہ نقش
ہمارے فقراء اور علماء لوگوں کے بنائے ہوئے اور پرتاثیر
ہیں۔ ان نقشوں کو عامل اگر پورے طریقہ سے کریں تو
بھی خطا نہیں ہوتے محبوب خواہ کتنا ہی سنگدل کیوں
نہ ہو۔ ان نقش کے اثر سے فوراً زیر ہو کر بیزار جائے

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

یہ نقش ہمارے اضافہ کے ساتھ اس میں جال سے

ذلیفتہ وشیدا ہو جاتا ہے۔ اس کے اثر سے جو دوست اور
محبوب ناراض ہو گیا ہو اور کئی منتوں سماجتوں یا حیلوں
بہانوں سے ماننے میں نہ آتا ہو۔ اس کے لئے نہایت ہی
عمدہ جادو کا اثر رکھنے والے ہیں ذیل کا نقش روٹھے
ہوئے یا سنگدل محبوب کو ایک پہر کے اندر اندر حاضر
کرتا ہے بڑا ہی سریع الاثر نقش اس کو لکھنے سے پہلے
عامل کو چاہیئے کہ نہا دھو کر پاک صاف ہو کر صاف ستھرا
لباس پہن کر لکھے اگر ناپاکی کی حالت میں اس کو لکھے گا یا
اپنے پاس رکھے گا تو نہ صرف نقش کا اثر جاتا رہے گا بلکہ
خود اس کو بھی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے نقش
مبارک یہ ہے:

عزرائیل ۷۸۶ جبرائیل

طالب اور اس کی ماں کا نام — مطلوب اور اس کی ماں کا نام

۱۳۰۰	۳۲	۴۰	۸۰
۴۸	۷۲	۱۲۸	۲۲۴
۹۶	۵۶	۱۶	۱۰۴
۸	۱۱۲	۸۸	مطلوب

[illegible] اسرافیل ۲۷۲ ۳۲ میکائیل

نقش رکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ قمری مہینہ کے آغاز میں پیر کے روز صبح کے وقت نہاوے اور پھر مغرب کی طرف منہ کرکے دو زانو ہوکر بیٹھ جاوے اور پھر ایک سو آٹھ مرتبہ ذیل کا نقش لکھ کر آٹے کی گولیاں جس میں کہ تھوڑا سا گڑ اور شکر بھی ملا ہوا ہو ان نقشوں کو گولیوں میں باندھ کر دریا میں مچھلیوں کو ڈال دے اور ۲۱ روز تک اپنے عمل کو جاری رکھے۔ جب اکیسویں روز اپنے عمل کو ختم کرکے گھر پر آوے۔ اور آتے ہی بغیر کسی سے بات چیت کئے غسل کرے پھر کسی مٹی کے کورے برتن میں دودھ اور چاولوں کی کھیر پکاوے۔ اور اس میں گھی اور کھانڈ اور میوہ وغیرہ ڈالے۔ یہ سب اشیاء وزن میں ایک جیسی ہونی چاہیئے۔ اور اس کے ساتھ ایک سفید رنگ کا مرغ بھی لے لے۔ ان اشیاء کو لے کر پھر اسی روز دریا پر جاوے مگر اس بات کا خاص خیال رکھے کہ رستہ میں آتے اور جاتے وقت اس روز کیا بلکہ جس روز سے عمل شروع کرے کسی سے بات چیت نہ کرے۔ جب گھر واپس آکر پھر دوبارہ نہا دھوکر کچھ چیز خود نہ کھالے۔

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

جس وقت ان سب اشیاء کو لے کر دریا پر پہنچ جاوے تو
وہاں جا کر بلند آواز سے پہلے تکبیر پڑھے۔ پھر اس مرغ کو
ذبح کرے اور پھر ان سب اشیاء پر موکلوں کا فاتحہ پڑھے
بعد میں پھر اور نقش لکھے اور بیس تو پہلے روز دوں کی آٹے
اور گڑ بیس گولیاں بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈال دیوے۔
اور ایک نقش حفاظت کے ساتھ اپنے پاس رکھے اور ان
اشیاء کو جو ساتھ لے کر گیا تھا سب کو بمعہ ذبح شدہ مرغ
کے زمین میں دفن کر دیوے۔ کیونکہ یہ کسی کے کھانے کی
چیز نہیں اگر کوئی ان چیزوں کو کھالے گا۔ تو وہ پاگل اور
بڑی سوائی ہو جاویگا اور عامل کا کام بھی ہونے سے رہ
جاویگا بلکہ اس کے عمل کا سارا اثر جاتا رہے گا اور پھر اپنے
مکان پر آ کر اس باقی ماندہ نقش کو سونے چاندی تانبا یا کسی
سرخ رنگ کے ریشمی کپڑے میں باندھ کر اپنے داہنے بازو
پر باندھے مگر یہ خیال رکھے کہ نہانے وقت نقش بھیگ
جاوے اور اس بات کا بھی خیال رکھے کہ اس نقش کو کسی
ایک جگہ برہنہ لے جاوے اور ناجائز محبت کے واسطے اس
استعمال نہ کرے ورنہ نقصان اٹھائیگا۔ نقش لکھنے وقت

حبیب رضا
FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

اور دوران عمل میں اور بازو پر باندھتے وقت تصور ہر وقت اپنے محبوب کا دل میں رکھے۔ تو محبوب تھوڑے ہی عرصہ کے خواہ ہزار کوس پر بیٹھا ہو فوراً حاضر ہو جاوے گا۔ اگر اتنی جلدی خود نہ پہنچ سکیگا۔ تو اس کے آنے کی کوئی اطلاع آجاویگی۔ اگر وہ نہ آوے گا۔ تو جس جگہ ہوگا وہیں پر اسے خفقان ہو جاوے گا۔ نہایت اکسیر اور کارآمد نقش ہے اور فقراء کا تجربہ شدہ ہے۔

اُلفت و مُحبّت کیلئے بے نظیر نقش

عامل صاحبان: یہ وہ نقش ہے جو کہ اپنی کرامات چند لمحہ کے اندر ظاہر کرتا ہے۔ اس کو جو شخص اپنے محبوب کا تصور باندھ کر اپنے پاس رکھے اس کا مطلب فوراً جس جگہ بھی ہو بے تاب ہو کر فوراً اپنے طالب کے پاس حاضر ہو کر تابع فرمان ہو صحیح اور تجربہ شدہ نقش ہے۔ اس کے لکھنے کے چار طریق ہیں جو کہ ذیل میں درج کئے جاتے ہیں

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

۱- پہلا طریقہ اس نقش کے عمل کرنے کا یہ ہے کہ اس نقش کو پاک صاف ہو کر صاف ستھرے کپڑے پہن کر کسی جنگل میں جا کر یا اپنے مکان کے بالاخانے پر بیٹھ کر اس کو کسی کورے کاغذ پر لکھ کر شہد اور کسی خوشبودار عطر میں تر کر کے کسی پاک صاف روئی میں لپیٹ کر اُس کی بتی بنا لیں پھر مٹی کا ایک کورا چراغ لیکر اور کوئی خوشبودار تیل اس میں ڈال کر اس بتی کو روشن کریں۔ چراغ کا منہ اپنے مطلوب کے مکان کی طرف رکھیں اور تصور اپنے محبوب کا باندھیں اور اس چراغ کے پاس سے آٹھ دن تک نہ ہلیں اور نہ ہی چراغ کو بجھنے دیویں۔ محبوب بیقرار ہو کر آویگا۔ اور پھر تا زندگی ایک لمحہ بھی طالب سے علیحدہ ہونے کا نام نہ لے گا۔ بلکہ اُلٹا عاشق ہو کر اپنے طالب پر ہزار جان سے شیدا و فریفتہ ہو جاوے گا۔ نہایت ہی اکسیر اور مفید نقش ہے۔

۲- دوسری ترکیب اس نقش کے لکھنے کی یہ ہے کہ اپنے محبوب کا تصور باندھ کر طالب پاک و صاف ہو کر نہا کر صاف ستھرا لباس پہن خوشبو سے معطر ہو کر کسی مادہ

حبیب رضا
FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

بکری کا جو کہ سفید رنگ کی ہو۔ سالم شانہ لے کر اس کے اوپر اس نقش کو کندہ کرائے پھر اس کو شہد میں تر کر کے ایسی جگہ پر جہاں کہ آگ جلتی ہے یعنی چولھا۔ بھٹی۔ تنور میں دفن کر دیوے تو محبوب فوراً حاضر ہو کر تابع فرمان ہو اور طالب کی محبت میں بیقرار ہو جاوے۔

۳۱۳۔ تیسری ترکیب میں عامل صاف و پاک ہو کر اپنے محبوب کا تصور باندھ کر اس کے مکان کی طرف منہ کر کے کسی چینی کی پلیٹ یا پیالی میں اس نقش کو کیسر اور عرق گلاب کے ساتھ لکھ کر کسی چولھے، بھٹی یا تنور کے نیچے دبا دیوے۔ اس کا محبوب خواہ کتنا ہی سنگدل کیوں نہ ہو۔ فوراً بیتاب ہو کر حاضر خدمت ہو جاوے۔

۳۱۴۔ چوتھی ترکیب بھی بالکل آسان ہے یعنی عامل صاحب حسب دستور پاک صاف ہو کر بغیر کسی سے بات چیت کئے ایک کاغذ پر کیسر کستوری کے ساتھ اس نقش کو لکھے پھر ایک [illegible] مٹی کا لے کر اسے تکلی میں رکھ کر اس میں وہ نقش اور [illegible] ڈال کر [illegible] کو بھٹی یا آگ میں رکھ دیوے محبوب [illegible] دل کا [illegible] سے [illegible] ہو کر حاضر ہوگا۔ [illegible]

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

یا ہے عجیب و غریب تاثیر کا مالک سب اور عامل کو
یران کر دینے والی چیز ہے۔ نقش یہ ہے۔

۱۱	۱۸	۱۸ھ	۱۱	۱۸	۸
۴	۱۱	۹	۳	۱۸	۱۱ھ
۱۱۱	۱۹	۱۴	۱۱۹۴	۱۱۱	۱۱ھ
۱۱	۳۱	۴	۱۴ع	۱۱۹	۴ ۱۱
ھ	۱۹	لاھ	۹۱		۲۴۱
۱۸	لاو	۱۱	۴ھ	۸۱	۸

۵۸ الساعۃ

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

دیگر

اگر کسی شخص کا دوست ناراض ہو گیا ہو اور وہ کسی
ت نہ مانتا ہو یا کسی کا کوئی مطلوب بڑا بے رحم اور
دل ہو ہزارہا منتوں اور ترکیبوں کے بعد بھی موم نہ
ہو۔ بلکہ آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھتا ہو تو طالب
پ شنبہ اتوار کے روز علی الصبح اٹھ کر ایک نر چڑا

حبیب رضا
FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

ذبح کرے اور اس کا خون ایک برتن میں ڈال دے پھر
پاک صاف ہو کر اپنے محبوب یا دوست کا تصور باندھ کر
اس کو لکھے اور پھر اسی وقت اس میں ریشم سرخ کا دھاگ
باندھ کر کسی اونچے درخت کی شاخ سے باندھ دیوے او
نقش کو ہوا میں چھوڑ دیوے خواہ کتنے ہی سالوں کا محبوب
ناراض کیوں نہ ہوا ہو فوراً بیتاب ہو کر حاضر ہوگا۔ اور
پہلے سے بھی زیادہ محبت سے پیش آوے گا۔

دیگر

اگر طالب کسی چاہتے اتوار کے روز مندرجہ ذیل نقش
تمام یا چوکی روٹی پر لکھ کر کسی کتے کو وہ روٹی کھلا دیوے
تو جس وقت کتا بھونکے گا اس کا مطلوب فوراً بیتاب

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

ہو کر طالب کے قدموں میں حاضر ہوگا اور پھر لمحہ بھر کے لئے
بھی جدا ہونا گوارا نہ کر سکے گا۔ تا زندگی بے دام غلام
ہوگا۔ اگر مطلوب مرد ہے تو کتے کو روٹی کھلانی چاہیئے
مطلوب عورت ہے تو وہ روٹی کسی کتیا کو کھلانی چاہیئے
دوسری بات یہ ہے کہ اگر کتیا یا کُتا مطلوب کے اپنے گھر کا
یا گلی کا ہوگا تو بہت جلدی یہ نقش اپنا اثر دکھائیگا۔
نقش یہ ہے۔ لا ع بدع لا ع حم حا ھمد

دیگر

اس نقش کو اتوار کے روز جبکہ مشتری کی ساعت ہو
مشک اور زعفران و گلاب تینوں اشیاء کو ملا کر کسی ایک
صاف کاغذ پر لکھیں اور پھر کسی صاف روئی میں لپیٹ کر بتی
بنا کر کسی کورے چراغ میں خوشبودار تیل ڈال کر روشن کریں
چراغ کا رخ اپنے محبوب کے مکان کی طرف رکھیں
محبوب فوراً حاضر ہوگا۔ مگر یہ خیال رہے کہ جب محبوب
آئے تو طالب اس کے ساتھ ہمکلام نہ ہو بالکل چپ رہے

حبیب رضا
FREEAMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

تو محبوب ہزار جان سے فریفتہ و شیدا ہو کر تابع فرمان ہو گا
دوسری صبح اس کے ساتھ ہم کلام ہو نقش یہ ہے۔

۱۱ط ۱۱۸۸۱۸ ۱۸۷۱ ۱۱۶ ۱۱۱۸۱۸ ۱۱ الحط ۱۱ ای ۸۲ ۱۲۹

نام مطلوب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

اب ہم ناظرین کی خدمت میں وہ نقش لکھتے ہیں جن
پر عمل کرنے سے انسان کی روزی۔ تجارت اور
عزت میں برکت ہر قسم کی ہو۔

اور یہ نقش رزق میں ترقی کرنے کے لیے نہایت ہی
اکسیر اور مفید اور تجربہ شدہ ہے جس شخص کے پاس یہ
نقش ہو گا۔ اس کے کاروبار۔ بیوپار اور خرید و فروخت
میں گوناگوں فائدہ ہو گا ایسا فائدہ کہ جو کبھی اس کو نہ ہوا
ہو گا۔ وہ دولت میں کھیلنے لگے گا۔ بڑا امیر و کبیر بن جاویگا
اگر سائل کسی جگہ پر ملازم ہے تو اس نقش کو پاس رکھنے سے
اس کے مرتبہ اور تنخواہ میں بے بہا ترقی ہو گی جس کا اس کو

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

خواب و خیال تک بھی نہ ہو۔ اس نقش کے عمل کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ کسی اچھی ساعت میں کوئیں حوض۔ تالاب یا نہر کے کنارے پر جا کر پاک صاف ہو کر یعنی نہا دھو کر اگر نہا نہ سکے تو وضو کر لینا ہی کافی ہے۔ اگر عامل صاحب ہندو مذہب سے تعلق رکھتے ہیں۔ تو پنچ اشنانہ کرے۔ پھر کسی خوشبودار سیاہی کے ساتھ اکتالیس مرتبہ لکھ کر آٹے کی گولیوں میں بند کر کے اس کو دریا حوض یا تالاب وغیرہ میں مچھلیوں کو ڈال دے۔ مگر ان میں سے ایک نقش اپنے پاس رکھ لے دوسرے روز پھر اسی طرح کرے اور یہ نقش تو مچھلیوں کو ڈال دے اور ایک اپنے پاس رکھے مگر پہلے روز والا نقش جو کہ اس نے اپنے داہنے بازو پر باندھا تھا۔ اس کو کھول کر خالی گولی بنا کر اس کو بھی ان۔ یہ نقشوں کے ساتھ دریا میں پھینک دیوے دوسرے روز پھر ایک نقش لکھ کر اپنے بازو سے باندھ لے اور متواتر اسی طرح سے عمل کرے اور متواتر اٹھ دن تک رکھے آخری دن جو نقش اپنے پاس رکھے اسے زعفران مشک گولی کی دھونی دے کر تھوڑی دیر رکھ دی لے کر

حبیب رضا
FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

اس کو خوشبو سے معطر کر کے اس میں نقش لپیٹ کر سونے
چاندی تانیا میں مڑھا کر اپنے داہنے بازو پر باندھے۔
انشاء اللہ خدا کے فضل سے اس کی برکت سے ہر ایک
فیض یاب ہو گا۔ نقش یہ ہے:۔

دیگر

اب ذیل میں وہ نقش درج کیے جاتے ہیں۔ جو کہ
غضب کی تاثیر رکھنے والے ہیں ان نقوش کو جو شخص اپنے
خزانہ وال یا پیٹی یا دوکان کے گلہ میں رکھے گا اس میں سے

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

کبھی دولت ختم ہونے میں نہ آوے گی۔ بلکہ روز بروز بڑھتی
جاوے گی۔ ان نقشوں کو بھی پاک صاف ہو کر کیسر کے ساتھ
لکھنا چاہیئے اور لکھ کر بعد ازاں زعفران و لوبان اور مشک و
گوگل وغیرہ کی دھونی دینی چاہیئے۔ اگر ہر روز صبح کو نہا دھو
کر ان نقوش کو دھونی دے دی جائے تو اور بھی اچھا ہے
اور جلدی اپنا اثر دکھاتا ہے۔

نقش نمبر ۱

یارحیم ۷۸۶ یاکریم

☰	日	ت	ر
ر	ٹ	田	エ
≡	ط	ر	ت
ت	ر	ط	田

نقش نمبر ۲

س	ع	ا	ر
ص	۴	عج	ر
مم	مس	عج	ا
ا	ر	مس	عج

دیگر

جس شخص کے پاس ذیل کا نقش ہو گا۔ اس کی دوکان
خواہ اُجاڑ میں بھی کیوں نہ ہو۔ گاہک وہاں بھی کھنچے ہوئے
آئینگے اور سارا دن اسے کاروبار سے ہی فرصت نہ ملے

حبیب رضا
FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

بکے گی۔ نہایت عمدہ اور کشائش رزق کے لئے تیر بہدف
نقش ہے۔ اس کو چاند یا سورج یا برہستی یعنی
مشتری کی ساعت میں علی الصباح نماز فجر ادا
کرنے کے فوراً ہی بعد سورج نکلنے سے پیشتر زعفران
اور عرق گلاب اگر ہو سکے تو کیسر و کستوری بھی ملالیں
اور کسی کورے کاغذ پر یا اپنی دوکان کے دروازے کے
سامنے والی دیوار پر کندہ کر کے دھوپ اور زعفران
و مشک وغیرہ کی دھونی ہر روز دیویں اور پھر دیکھیں
کہ خدا غیب سے کس طرح روزی دیتا ہے۔ نہایت
ہی مفید اور نفع بخش ہے۔

نقش یہ ہے۔

یا فضل باری ۷۸۶ یا رحمان

۱۲۷	۱۳۰	۱۳۳	۱۲۰
۱۳۲	۱۲۱	۱۲۶	۱۳۱
۱۲۲	۱۳۵	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۲۴	۱۲۳	۱۳۴

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

دیگر

ناظرین! اگر مندرجہ ذیل نقش کوئی شخص اپنے روپے پیسوں والے غلے یا تھیلے یا جیب میں رکھے تو اسے روپے پیسے کی کبھی کمی نہ ہونے پائے اور اگر اس کو اناج کے بوہل میں رکھ دیا جائے تو اناج کبھی ختم ہی نہ ہو۔ جو شخص اس نقش کو اپنے کھیت میں دبا دیوے۔ اس کے کھیت میں فصل آگے سے کئی گنا زیادہ ہو مگر اس بات کا خیال رکھیں کہ اس کو کسی ناپاک جگہ پر نہ لے جایا جاوے۔ ورنہ اس کا اثر جاتا رہیگا اور اس کے عامل کو بھی پاک صاف ہو کر صاف ستھرا لباس پہن کر اس نقش کو لکھنا چاہیئے اور بعد میں اس کو دھوپ گوگل اور مشک زعفران کی دھونی دینی چاہیئے۔ اگر ہر روز دھونی صبح اُٹھ کر نہا دھو کر دی جاوے۔ تو یہ نقش بہت جلدی اپنا اثر دکھاتا ہے۔

(نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرما دیں)

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

نقش یہ ہے۔

۵۴۲	۷۸۶		۱۴
۹	۱	اللہ	۴
۱۱	ع	ع	۴
عہ	۱۳	عہ	۱عہ
ععہ	۸	۳	۱۶

حبیب رضا

صاحبان! ذیل کے نقوش بڑے پُرتاثیر اور حیرت کن ہیں جو شخص ان نقشوں کو لکھ کر اپنے پاس بحفاظت رکھیگا اسے دولت کی کمی نہیں۔ مگر یہ نقوش صرف ان صاحبان کے واسطے ہیں۔ جو ہر وقت یادِ الٰہی میں مشغول رہتے ہیں۔ عابد و عارف و عامل ہیں۔ یا ان لوگوں کے لئے جو ہر وقت خلق خدا کی خدمت میں یا اپنے ملک و قوم کی خدمت کرنے میں لگے رہتے ہیں۔ جن کو اپنے اور اپنے عیال و اطفال کی روزی پیدا کرنے کے لئے وقت نہیں ملتا

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

جو کہ اپنے عیال و اطفال کی نسبت خلق خدا کو زیادہ عزیز سمجھتے ہیں اور ان کی تکلیف کو اپنی تکلیف سے زیادہ خیال کرتے ہوئے دوسروں کی خاطر تکلیف اٹھا لینا اچھا سمجھتے ہیں۔ ان کے واسطے یہ نقوش درج کئے جاتے ہیں۔ ان نقوش کی خاطر ہر وہ شخص جس کے پاس یہ نقوش ہوں ایک روپیہ روزانہ سے لے کر دس بارہ روپیہ روزانہ تک پیدا کر سکتا ہے۔ مگر اس میں شرط ہے کہ وہ شخص جو اس کو صرف اس وجہ سے حاصل کرے کہ مجھے کھانے کے لئے کم ملتا ہے۔ اس کو چاہئے کہ وہ اپنی ضروریات سے زیادہ ہرگز پیدا نہ کرے اگر اس کے پاس اپنی ضروریات کے علاوہ کچھ بچ جاوے تو وہ دوسرے غریب لوگوں میں تقسیم کر دے یا اس کا کھانا لے کر بھوکوں کو کھلاوے۔ لقالت اور ناجائز اغراض کے لئے ان نقوش کو ہرگز ہرگز استعمال نہ کرے ورنہ نقصان اٹھاوے گا۔

ہدایات

مندرجہ ذیل نقوش کو ہر روز علی الصبح اٹھ کر نہا دھو کر کسی سفید کاغذ پر ۱۰۱ مرتبہ روزانہ لکھ کر ہر روز دریا میں ڈال کر آیا کرے اس طرح اکیس روز روزانہ عمل کرے

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

آتی دفعہ اور جاتی دفعہ کسی کے ساتھ ہم کلام نہ ہو اور دوران عمل میں گندم یا جو کی روٹی کھاوے۔ نمک۔ گوشت وغیرہ ہرگز نہ کھاوے اگر نقش آٹے کی گولیوں میں باندھ کر دریا میں ڈالے تو اور بھی اچھا ہے۔ جب اپنے اس عمل کو ختم کر چکے تو بعد میں حسب ضرورت ایک نقش رات کے وقت لکھ کر اپنے سرہانے لکھ کر سو جاوے جتنے روپوں کی اسے ضرورت ہو گی رات کو غیب سے اس کے نیچے نقش کے پاس روپے پڑے ملیں گے۔ صبح اٹھ کر اٹھا لیا کریں۔

نقوش یہ ہیں

احب یا رقمائیل بحق یا باسط　　احب یا رقمائیل بحق یا باسط

۷۸۶

۶	۴۸	۴۸
۳۶	۲۴	۱۲
۳۰		۳۲

یہاں مطلوبہ رقم لکھے

۷۸۶

۱	۸	۹
۶	۳	۲
۵		۷

یہاں تعداد مطلوبہ لکھے

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

اسطتاحرزاقنہم
۳۸۸۷۳۱۹۹۳۹
۷۸۳۹۱ ۱۳۶۱۹۸
۳۰۷۱۹۷۷۸۳۹۰

ج	و	د	ب
ب	د	و	ج
ہ	ج	ب	د
د	ب	ج	و

۵	۲۱	۹	۱۷
۸	۱۵	۱۴	۲۳
۱۹	۱۱	۲۹	۱۲
۳۰	۱۲	۲۰	۱۰

نوٹ: ان نقوش میں سے کسی ایک نقش کو یا سب نقوش کو لکھ کر عامل دریا میں روزانہ پھینک آوے۔ جیسے اس کی مرضی کو۔

نقش برائے مفرور وغائب

اگر کسی شخص کا کوئی عزیز یا رشتے دار۔ دوست متر کہیں چلا گیا ہو یا گم ہو گیا ہو اس کا پتہ نہ ملتا ہو۔ یا کسی کی چوری ہو گئی ہو۔ اور چوری کا پتہ پولیس کے پتہ لگانے پر بھی نہ ملتا ہو۔ تو اس کو چاہیئے کہ پاک صاف ہو کر اپنے مقصد کا تصور باندھ کر ذیل کا نقش لکھ کر چرخہ سے باندھے اور کوئی لڑکی اس چرخہ کو چلاتی جاوے تب گمشدہ مفرور چور معہ مال و اسباب خود بخود حاضر ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے۔

۲۵۹	۲۶۲	۲۶۷	۲۵۳
۲۶۰	۲۵۳	۲۵۸	۲۶۳
۳۵۱	۲۶۹	۲۶۰	۳۵۷
۳۶۱	۲۵۶	۲۵۵	۲۸۶

FREE AMLIYAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

طلسم نسواں

ناظرین پیشتر ازیں کے کہ ہم نے جتنے بھی طلسم و نقوش وغیرہ
درج کتاب کئے ہیں وہ سب عورت و مردوں کے لئے یکساں
لکھے گئے ہیں مگر ان میں عورتوں کے پوشیدہ امراض کی بابت
ایک بھی نقش درج نہیں۔ جو کہ نہایت ضروری ہیں۔ اب ہم
ناظرین کی خدمت میں صرف عورتوں کے متعلق چند ایک نقش
رکھتے ہیں جن کے ذریعے ان کی ہر قسم کی بیماری اور تکلیف کا
علاج کیا جاتا ہے۔ یہ نقش عورتوں کے واسطے نہایت اکسیر اور
کارآمد تجربہ شدہ ہے۔ ضرور آزمائش کریں۔ اگر کسی عورت کو حمل
نہ ٹھہرتا ہو۔ یا ہر بار تیسرے یا چوتھے یا پانچویں مہینہ میں گر جاتا
یا اگر بچہ پیدا بھی ہو۔ تو چند ماہ اڑھائی سال تک کا ہو کر
فوت ہو جاتا ہو۔ عورت کے لئے اس سے بڑھ کر اور کوئی دکھ
نہیں۔ اس دکھ کی خاطر عورت کے لئے اپنا سب کچھ قربان
کرنے کو تیار ہو جاتی ہے لوگ ہزاروں روپیہ اس بات
کی خاطر عاملوں، نجومیوں، حکیموں، ڈاکٹروں کو دے
دیتے ہیں۔ تاکہ ہماری اولاد زندہ رہے یا ہماری عورت کا حمل ٹھہرے

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

بعض اوقات کسی کو فائدہ ہو بھی جاتا ہے۔ مگر بعض بیچاری کمزور عورتیں تو اسی مرض میں مبتلا صرف علاج مکمل طور پر نہ ہونے کی وجہ سے اس دنیا سے راہی ملک عدم ہو جاتی ہیں۔ اس لئے ہم ان ناتواں خواتین کی خاطر یہ چند ایک نقوش یہاں درج کر دیتے ہیں: تاکہ خاص و عام ان نقوش سے فائدہ اٹھا سکیں۔ پس جس عورت کے حمل نہ ٹھہرتا ہو یا بچہ ہو کر فوت ہو جاوے اس کو چاہیئے کہ کسی نیک سی ساعت میں نہا دھو کر پاک صاف ہو کر اس بات کا خیال رکھے کہ پاک صاف ہونے وقت اگر سر دھوئے تو جب تک اپنے بالوں کو اچھی طرح نہ سکھائے اس پر عمل نہ کرے جب سوکھ جاویں تو اپنے بدن پر صاف ستھرے کپڑے زیب تن کر کے ایک تختی چاندی کی بنوائے اس تختی کے اوپر ذیل کا نقش کندہ کر و عورت اپنی کمر پر باندھے تو پھر کبھی اس کا حمل نہ گریگا۔ خواہ وہ

۳۵۱۷	۳۵۲۰	۳۵۳۲	۳۵۰۱
۳۵۲۲	۳۵۱۲	۳۵۱۶	۳۵۲۱
۳۵۱۳	۳۵	۳۵۱۸	۳۵۰۶
۳۵۱۶	۳۵۲۲	۳۵۱۸	۳۵۲۶

[illegible] منزل ہے [illegible] کا دے [illegible] کبھی [illegible] اولاد کی اہل [illegible] پیدا ہو [illegible] ہے

حبیب رضا
FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

دیگر

ناظرین! یہ نقش ان عورتوں کے واسطے ہے جن کو موقعہ ماہواری اس کے حیض کا خون بہت زیادہ آتا ہو۔ یا رُک رُک کر آتا ہو یا درد سے آتا ہو۔ یا حمل قائم نہ رہتا ہو اس کو چاہیئے۔ کہ کسی اچھی سی ساعت میں علے الصبح اٹھ کر نہا دھو کر اپنے خدا یا پرماتما کو یاد کر کے ذیل کا نقش ایک پان کے خالی پتے پر لکھ کر کھالے فوراً شفا حاصل ہو۔ اگر مرض میں کوئی کمی رہ جاوے تو پھر دوبارہ اسی ساعت میں یہ نقش پان کے پتے پر لکھ کر کھاوے فوراً آرام ہو۔ نقش یہ ہے۔

العـ	ـع
حـ	
ـم	۱۴

حبیب رضا

دیگر

جس عورت کے گھر میں لڑکا نہ ہوتا ہو یا ہو کر مر جاتا ہو۔ یا صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں۔ تو اس عورت کو چاہیئے۔ کہ ذیل کا نقش کسی اچھی ساعت میں سوموار جمعرات اور جمعہ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

کے روز مشک اور زعفران اور کستوری کے ساتھ لکھ کر دل میں
تصور اپنے مقصد کا باندھ کر اس کو دودھ میں گھول کر خود بھی
پئے اور اپنے خاوند کو بھی پلا دے اور تین دن تک یعنی جن
دن میں دودھ پیویں۔ آپس میں مرد عورت مقاربت کریں۔
خدا کے فضل
کرم سے دراز
لڑکا پا دیں
نیز بہدف
زود اثر نقش
نقش یہ ہے

کھیعص
حمعسق
کھیعص
حمعسق

دافع آفات بچگان

مندرجہ ذیل نقش اعظم کو کوئی عورت لکھوا کر اپنے گود کے
گلے میں چاندی کی تختی میں کھدوا کر ڈال دیوے تو بچہ کو
آسیب۔ چیچک۔ خسرہ۔ ام الصبیان۔ تشنج مرگی

FREEAMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

بڑی بیماری ہے۔ بس جس عورت کے بچے کو یہ امراض ہو جاویں
اس کو چاہیئے کہ اس نقش کو لکھوا کر اس کے گلے میں چاندی
یا سونے کی تختی بنوا کر اس کے اوپر یہ نقش کندہ کر کے ڈال
دیوے۔ بچہ ہر آفات سے محفوظ رہے گا۔ بلکہ یہاں تک کہ
بہت تکلیف اٹھانی پڑتی ہے۔ اس نقش کے اثر سے اس
کو کبھی تکلیف کسی موقعہ پر کسی بچے کو خدانخواستہ ہو بھی
جاوے تو اس کی ماں کو چاہیئے کہ یہی نقش جو اس کے گلے میں
ڈالا ہو کہ ہے تازہ پانی یا عرق گلاب میں اس نقش کو حل
کر کے وہ عرق بچے کو پلاویں اگر تکلیف زیادہ ہو تو تین دن
تک پلاویں۔ اگر تکلیف کم ہو تو صبح و شام پلا دیویں نقش
لکھنے کی ترکیب یہ ہے کہ مشرق کی ساعت یعنی ستیلی
کا دور شروع ہو۔ اس وقت خالص چاندی کی ایک
بیچولونہ شکل کی تختی تیار کرا دے اور پھر اسی ساعت کے
ذیل کا نقش کندہ کر کے اس کو دھوپ، مشک
اور زعفران کی دھونی دے کر بچے کے گلے میں
ڈال دیوے۔ بچہ ہر آفات سے محفوظ رہے گا۔

(نقش صفحہ ۱۰۳ پر دیکھیں)

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

۳۵۱۱	۳۵۲۳	۳۵۲۰	۳۵۱۷
۳۵۲۱	۳۵۱۶	۳۵۱۲	۳۵۲۲
۳۵۱۶	۳۵۱۸	۳۵۳۵	۳۵۱۳
۳۵۲۴	۳۵۲۴	۳۵۱۴	۳۵۱۹

نقش برائے دفع آسیب

حبیب رضا

اگر کسی شخص کو آسیب وغیرہ کا سایہ ہو۔ یا کسی پر جادو کیا
گیا ہو یا بھوت پریت چمٹے ہوئے ہوں یا اُن کا اثر وغیرہ
ہو جس سے گھر کے سب افراد تکلیف میں ہوں۔
کرنے کے بعد بھی یہ سحر دُور نہ ہوتا ہو تو اُس کو چاہیے
کہ ذیل کا نقش جو کہ اس کام کے لئے نہایت مجرب
ہے اور کسی مکان میں بھوت پریت رہتے ہوں
اور تنگ کرتے ہوں یا اگر کسی مکان میں آسمان
سے یا پتھر گرتے ہوں جس سے گھر والے تمام
پریشان رہتے ہوں۔ ان کو چاہیے کہ ذیل کا

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

نقش کسی اچھی سی ساعت میں ہُد ہُد کے پتے کا عرق نکال کر ہرن کی کھال کے اوپر اُلو کے داہنے پر کے ساتھ لکھ کر گھر میں ایک بانس گاڑ کر اس کے ساتھ لٹکا وے یا اس آدمی کے گلے میں پہلے گوگل اور لوبان مشک کی دھونی دے کر باندھ دیوے جس آدمی کو آسیب وغیرہ کا سایہ ہے۔ انشاء اللہ تمام تکالیف دُور ہوں گی۔

نقش یہ ہے

۷	۱۰	۳	۱
۱۲	۱۱	۸	۶
۹	۵	۴	۲

حبیب رضا

دیگر

اگر کسی مکان میں بھوت پریت یا آسیب وغیرہ رہتے ہوں یا ان کا اثر اس مکان میں ہو یا بال بچے اور عورتیں ہر وقت ڈرتی رہتی ہوں جس کی وجہ سے تمام افراد خوفزدہ یا بیمار رہتے ہوں تو ان کو چاہیئے کہ ذیل کا نقش لیسرے ساتھ وچھل اور ہُد ہُد کے پتّہ کا عرق نکال کر اس کے ساتھ ہُد ہُد جانور کے داہنے پر کی قلم بنا کر اس مکان کی دیوار پر لکھ دے تو تمام بھوت پریت اور آسیب وغیرہ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

فوراً وہاں سے نکل جاوینگے۔ اور کبھی اس مکان کی
طرف رُخ نہ کرینگے۔ نقش یہ ہے۔

لعلقینا۔ مکسلمینا۔ کشفوطط۔ اذر۔ کشافطیونس۔
بیونس۔ دیوانس۔ بونس۔ کلبھم۔ قطمیر۔

نوٹ :۔ اسم لکھ چکنے کے بعد اس کو گوگل اور لوبان
کی دھونی دیوے۔ نقش پاک صاف ہو کر کسی چاہتے اتوار
کے روز علے الصبح ہی لکھنا چاہئے۔

دیگر

رضا

اگر کسی مرد عورت یا بچے کو سایہ نظر بد یا آسیب وغیرہ
ہو تو جس کے باعث گھر کے تمام افراد پریشان رہتے ہوں
کسی علاج اور تعویذ گنڈوں سے بھی فائدہ نہ ہوا ہو تو
اس کو چاہئے کہ اس نقش کو اُلو کی داہنی آنکھ کا عرق نکال
اور ہرن کے پتے کا عرق نکال کر دونوں کو ملا کر بہت چھر
اتوار کے روز علے الصبح کسی زرد رنگ کے ریشمی کپڑے پر
لکھ کر سونے یا چاندی کے تعویذ میں مڑھا کر اس کے دائیں
بازو پر گوگل اور لوبان کی دھونی دے کر باندھیں تمام آسیب

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

اور سایہ وغیرہ دُور ہو جاوے گا نقش یہ ہے اس کو پندارہ نقش کہتے ہیں جو کہ تمام نقشوں کا سرتاج ہے اور ہر مذہب والے اس کو متبرک و مقدس خیال کرتے ہیں۔

نقش یہ ہے

۶	۱	۸
۲	۹	۴
۷	۵	۳

دافع سحر

جس کو کسی نے سحر کیا ہوا ہو یا اگر کسی نے دشمنی کر کے کسی کو بیمار کر دیا ہو۔ تو اس کو چاہیئے کہ وہ ہر کات سے خوفزدہ رہتا ہے یا بکواس کرتا رہتا ہے یا نازیبا حرکات ہر وقت کرتا رہتا ہے۔ تو ذیل کا اسم جو کہ دو حصّوں پر منقسم ہے کسی سے لکھوا لے یا اس کے رشتہ داروں کو چاہیئے کہ وہ یہ نقش کسی چلتے اتوار کے روز صبح کی نماز کے وقت نورا پاک حیات ہو کر لکھیں اور ان دونوں نقشوں کے دوسری طرف یعنی پشت پر مندرجہ ذیل عبارت لکھے کر پھر سات کنوئیں کی یا دلیوں کا پانی لا کر ان کو ایک جگہ ملا کر ان نقوش کو اس پانی میں ڈال

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

طلسم بدنی یا دافع امراض جسمانی

ناظرین! دنیاوی کاموں اور آسیب وغیرہ کے نقش ہائے طلسماتی کے بعد اب ہم آپ کی خدمت میں بدنی یعنی جسمانی طلسم پیش کرتے ہیں جن پر عمل کرنے اور استعمال کرنے سے انسان کی ہر مہلک اور موذی سے موذی امراض کا بھی جلدی خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اگر ان نقشوں پر مقررہ ہدایات کے مطابق عمل کیا جائے تو انسان کو کبھی کوئی مرض جسمانی تکلیف نہیں دے سکتا۔ بڑے اکسیر اور تیر بہدف نقش ہیں اور علماء وفقراء کے آزمائش شدہ ہیں۔

اگر کسی شخص کے منہ سے خون آتا ہو۔ یا تپ دق وسل کے مرض میں مبتلا ہو۔ یا بلغم وجذام کے مرض میں پھنسا ہوا ہو بُرانے سے پرانا مرض ہر قسم و دیگر امراض جسمانی ہوں جن کی وجہ سے آپ سینکڑوں حکیموں اور ڈاکٹروں کے پاس جا جا کر بے بہا دولت کو کوڑیوں کی طرح لٹا بیٹھے ہوں مگر مرض میں کمی نہ ہوئی ہو آپ زندگی تک سے بیزار

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

ہو گئے ہوں نہ دن کو چین نہ رات کو آرام ہو ۔ بلکہ گھر والوں
اور رشتہ داروں کو کھانا پینا اور سونا بھی آپ کی وجہ سے حرام
ہو رہا ہو ۔ ہر طرف مایوس اور نا اُمید ہو چکے ہوں یا آپ کے
گھر میں آپ کی عورت کو یا دیگر عورتوں کو مہلک اور پوشیدہ
امراض لگی ہوئی ہوں تو ہمارے اس نقش کو بالکل پاک و صاف
ستھرا لباس پہن کر کسی اچھی سی ساعت میں علے الصبح نماز
فجر کے بعد لکھ کر پانی یا عرق گلاب و زعفران میں گھول
کر روزانہ چالیس یوم تک مریض کو پلاویں ۔ انشاء اللہ
مریض بہت جلد شفایاب ہو گا اور آپ کو دعائیں دیگا ۔
اس نقش میں سینکڑوں برکات بھری ہوئی ہیں جو کہ آپ کو
استعمال کرنے سے معلوم ہونگی ۔ یہاں صرف تھوڑی سی
معلومات درج کی گئی ہیں ۔ نقش اکسیر اور آزمائش شدہ ہے ۔

سورۃ اخلاص کا نقش ہے

۷۸۶

۲۴۳	۲۵۶	۲۵۳	۲۵۰
۲۵۴	۲۴۹	۲۴۴	۲۵۵
۲۴۸	۲۵۱	۲۵۸	۲۴۵
۲۵۷	۲۴۶	۲۴۷	۲۵۲

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

دیگر

۷۲

یہ نقش بڑا ہی مقدس اور متبرک ہے انسان خواہ کسی بھی مرض میں کیوں نہ پھنسا ہوا ہو۔ اس نقش کو چار دن تازہ پانی یا عرق گلاب میں دھو کر پلا دیا جاوے تو خدا کے فضل سے تمام امراض جسمانی سے آرام پاوے۔ اس نقش کو بالکل پاک صاف ہو کر کیسر اور کستوری کو گلاب کے عرق میں حل کر کے لکھے اور پھر زعفران و مشک کی دھونی دیوے۔ بعد میں مریض کو عرق گلاب میں دھو کر پلاوے۔ چار روز کے اندر اندر بحکم خدا شفا کلی ہو۔ نقش یہ ہے۔

سبہ	۱	۶ ۶	سہ
۱۹	۱۱	۲۹	۲
۸	۴۸	۳	۳۹
۴	۳۱	۹	۴۴

اسم اعظم

ناظرین! اسم اعظم کی تعریف کرنے کے لئے ہماری قلم

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

اور زبان میں طاقت نہیں۔ جو شخص اسم اعظم کو استعمال کرتا ہے۔ اسی کو اس کی عظمت کا پتہ لگتا ہے۔ عارفان و عابدان خدا بزرگ ہائے کہنہ حضرت ذوالنورین مصریؒ و حضرت امیر علیہ السلام و حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اس متبرک اسم اعظم کی بابت اپنی کتابوں میں بہت ہی بڑھ چڑھ کر تعریف لکھی ہے۔ یہ اسم جس کے پاس ہوگا اس کو کبھی کوئی آفت۔ وبا خوف نہ آئے گا۔ بلکہ سوائے موت کے ہر قسم کی مصیبت جو کہ انسان کے سر پڑ آوے اس اسم کی برکت سے فوراً کافور ہو جاتی ہے اگر بیمار کو دھو کر پلادیں یا اس کے گلے میں یا بازو پر باندھ دیں تو مریض کو جلدی شفا حاصل ہو۔ اگر اس کو اپنی خزانے والی پیٹی میں یا جنس و مال میں رکھیں تو خزانے اور مال میں کبھی کمی واقع نہ ہو گھر میں دیوار پر لگادیں یا لکھیں تو وہ مکان آگ وبا اور آسیب وغیرہ سے محفوظ رہے۔ اگر کشتی میں بیٹھتے وقت اپنے پاس رکھیں تو کشتی غرق نہ ہو کسی کو زیر کرنا مقدمہ میں جیت ہوگی۔

(نوٹ جس شخص کے پاس یہ نقش ہو اس کو بحالت ناپاکی

FREE AMILIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamiliyatbooks

اپنے جسم سے اس کو علیحدہ کر دینا چاہئے بعد میں پھر پاک صاف ہو کر اس اسم کو حفاظت سے اپنے پاس رکھ لینا چاہیئے۔

ترکیب اس کے بنانے کی یہ ہے کہ کسی اچھی سی ساعت میں علی الصبح اٹھ کر حاجات ضروریہ سے فارغ ہو کر پاک صاف ہو۔ اور صاف ستھرا لباس پہنے بدن اور کپڑوں کو معطر کرے خدا کی پرستش کر کے اپنی تمام آفات کے دافع کا تصوّر رکھ کر اس نقش کو کیسر و کستوری اور عرق گلاب ملا کر انار کے درخت کے قلم سے لکھے اگر اس نقش کو پہلے ایک سو آٹھ مرتبہ اسی طرح روزانہ لکھ کر اکیس دن تک آٹے کی گولیاں بنا کر دریا یا تالاب یا نہر میں مچھلیوں کو ڈالے اور پھر اکیس روز گھر آ کر بغیر کسی کے ساتھ بات کئے چاول اور گندم کی روٹی پکا کر غریبوں کو تقسیم کرے پھر وہ نقش لکھ کر ایک ایک کو حفاظت سے اپنے پاس رکھے اور ایک کو اپنے روپئے پیسوں والی صندوقچی میں رکھ دیوے اور پھر خدائی برکات کا ملاحظہ فرماویں۔ انشاء اللہ تھوڑے ہی دنوں میں گھر بھرت ہو جائے گو کہیں۔ بڑا اکسیر۔ تیر بہدف

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

در تجربہ شدہ اسم ہے۔ نقش یہ ہے۔

٨	و	ھ	″ ″	۳″	ھ	m	[illegible]
m	ۃ	و	۵	″ ۱۰″	٥ ″	A	m
م	m	96	و	ھ	الھ	f	م
۱x	ط	m	98	و	ھ	″ ″	۴
″ ″	اکو	4	m	[illegible]	و	ھ	″ ″
ھ	21	اسکو	7	m	[illegible]	و	ھ
و	ھ	,4	ھ	م		[illegible]	
P	د	ھ	″ ″	R	٥	m	[illegible]

نقش برائے دفع بواسیر

اگر کسی شخص کو خونی یا بادی بواسیر ہو جس کے باعث اسے سونا بیٹھنا کسی کے پاس کھڑے ہونا بھی دوبھر معلوم ہوتا ہو باوجود کئی علاج کرنے کے بھی اسے آرام حاصل نہ ہوتا ہو تو اس کو چاہیے کہ کسی باعمل انوار کے عامل سے بطریق پاک صاف ہو کر ایک چاندی کا پترا بنوا کر اس پر مندرجہ ذیل کا نقش کندہ کرا لے اور پھر اس پترے کی

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

چوڑی بنوائے۔ اس چوڑی کو اپنے داہنے ہاتھ میں باندھ لے
بواسیر کا مکمل آرام ہو جائے گا۔ اور مسّے وغیرہ تمام خشک ہوکر
جھڑ جاویں گے۔ نہایت اکسیر اور تیر بہدف نقش ہے۔

دیگر

اگر کسی شخص کو دھرن پڑتی ہو۔ یعنی مہینہ دو مہینہ کے بعد
ناف ڈھل جاتی ہو جس کے باعث اسے تکلیف کا سامنا
کرنا پڑتا ہو۔ کیونکہ یہ بھی ایک بڑی نامراد مرض ہے جس کو
لگ جاتی ہے اس کو کھانا پینا، چلنا، پھرنا۔ کھڑا ہونا مشکل
ہو جاتا ہے۔ بلکہ بار بار پاخانوں کے آنے سے انسان بالکل
نحیف اور کمزور ہو جاتا ہے۔ اس لئے ایسے مریضوں کو چاہئے
کسی کنواری لڑکی کے ہاتھ سے سوت کے سات دھاگے

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

دیگر

اگر کسی عورت یا شخص کو پرانی سے پرانی تپ دق ہو یا
کی مرض ہو جس کے باعث رات کو خود آرام نہ کر سکے
دوسروں کو سونے دیوے یا کسی کو باسور یا سود وغیرہ امراض
نے گھیر رکھا ہو۔ اس کو چاہیئے۔ کہ اتوار کے روز صبح کے
وقت پاک صاف ہو کر ذیل کا نقش دو کاغذوں پر لکھے۔
ایک کو تو پانی میں گھول لیا کرے۔ چند دنوں کے اندر مرض
سے نجات حاصل کرے۔

حبیب رضا

نقش یہ ہے

عہ لحہ سعی عمہ ۷۴ عساعا

دیگر

اگر ذیل کا نقش لکھ کر کسی مریض کے گلے میں باندھ دیویں
سونے یا چاندی یا تانبہ کے تعویذ میں مڑھا کر مریض کے
میں ڈال دیں یا بائیں بازو پر باندھ دیویں۔ تو وہ
دنیاوی آفات سے محفوظ رہے بلکہ تا زندگی پھر

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

اس کو کبھی ایسا مرض لاحق نہ ہو۔ نقش یہ ہے۔
غنح۔ نغشح ضلع۔ ضلع۔ یح

برائے دفع مرگی

جس آدمی کو مرگی کا دورہ ہو جاتا ہو۔ اس کو ذیل کا نقش اگر کاغذ پر لکھ کر اسے کسی قسم کے تعویذ میں مڑھا کر مریض کے گلے باندھ دیوے۔ فوراً مرگی کا دورہ دور ہو جاوے اور برسوں کا مریض اس سے نجات حاصل کر کے تمام کو دعائے خیر دیوے۔ تجربہ شدہ تعویذ ہے۔

نروع وفروع۔ خلق وبقیق فے المحال وملذل
حددنبا توظن۔ لمود ویذ دل عهن

برائے طحال

طحال کے لئے ایک اور مجرب اور بے حد نقش ہے اس کو اس طرح استعمال کرے کہ ایک کورا کپڑا کھ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

کاٹ کر اس کو سات تہ کر کے اس کے اوپر ایک کورا کوزہ مٹی کا رکھ کر اس کے بیچ ذیل کا نقش کاغذ پر لکھ کر ڈال دیوے۔ انشاء اللہ مریض کو جلد شفا ہو۔

نقش یہ ہے۔

دیگر

مندرجہ ذیل نقش خنازیر۔ کنٹھ مالا اور ورم گلو کے لئے نہایت اکسیر و مجرب المجرب ہے اگر کسی شخص کو غدود درد اور پھوڑے پھنسی خواہ کسی قسم کے ہوں تو اس نقش کے اثر سے تمام تکالیف کو آرام بخشے اس نقش کو کسی کورے کاغذ پر صاف ہو کر لکھے اور پھر نیلے رنگ کے ریشمی دھاگے میں باندھ کر مقام تکالیف پر باندھ دیوے حکم الٰہی سے شفا یاب ہوگا۔ اکثر کارآمد نقش ہے

نقش یہ ہے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

ختم شد

آپ کی تقدیر آپ کے ہاتھ پر لکھی

اس کے جاننے کا طریقہ ہم سے سیکھو انسانی ہاتھ پر
خط وخال ہوتے ہیں وہ بیفائدہ نہیں ہوتے ماہران علم پامسٹری نے
دیکھا ہر ایک شخص کے ہاتھ کو دیکھ کر اس کی تمام عمر کے حالات مثلاً عمر
مال کی ہے کس عمر میں بیماری یا تکلیف ہوگی عورت کیسی ملیگی شادی
ہوگی یا زیادہ اولاد ہوگی یا نہ ایک نظر میں معلوم ہو سکتا ہے
قسم کے ہاتھوں کے نقشے درج ہیں۔ قیمت ۲ روپے

ملنے کا پتہ

ملک تاج الدین اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار لا

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks